نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی دھان کی باقیات کو جلانے کے واقعات کی روک تھام میں ناکام افسران کے خلاف محکمانہ کاروائی

لاہور:**18 نومبر 2024**:سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے دھان کی باقیات کو جلانے کے واقعات کی روک تھام میں ناکامی پر محکمہ زراعت کے متعدد افسران کو معطل کر دیا ہے اور دیگر کو سخت وارننگ جاری کرتے ہوئے انڈر آبزرویشن رکھنے کے احکامات صادر کیئے ہیں۔معطل کیے گئے افسران میں رانا محمد عارف شہزاد، ای اے ڈی اے (زراعت توسیع، ننکانہ صاحب)، محمد رضوان امیر خان، ای اے ڈی اے (زراعت توسیع، جڑانوالہ ضلع فیصل آباد)، آصف منہاس، زراعت آفیسر توسیع (پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ)، اور محمد عامر ثناء، زراعت آفیسر توسیع (سکھیکی ضلع حافظ آباد) شامل ہیں۔

سیکرٹری زراعت پنجاب نے محمد اسد اسلام، زراعت آفیسر توسیع (بھیرہ)، محمد ناصر ضیاء، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع (بھلوال)، منظور عنایت، ای اے ڈی اے (پنڈی بھٹیاں)، محمد شکیل ارشد، ای اے ڈی اے (پیرمحل)، اور مس سعدیہ سجاد، زراعت آفیسر توسیع (ننکانہ صاحب) کو سرکاری ڈیوٹی میں غفلت برتنے پر سخت وارننگ دیتے ہوئے انڈر آبزرویشن رکھنے کا حکم دیا ہے۔

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے صوبہ میں دھان کی باقیات کو جلانے کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد کی ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے محکمہ زراعت کی جانب سے بھرپور کریک ڈاؤن کیا جارہا ہے اور آئندہ ایسے واقعات کی صورت میں مزید سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔انہوں نے مزید کہا کہ دھان کی باقیات کو جلانے سے زمین کی زرخیزی بری طرح متاثر ہوتی ہے، لہذا کسانوں کو دھان کی باقیات کو سائنسی طور پر کارآمد بنانے کے لیے سپر سیڈر کا استعمال کرنا چاہیے تاکہ نہ صرف زمین کی زرخیزی محفوظ رہے بلکہ ماحولیاتی آلودگی سے بھی بچا جا سکے۔

☆☆☆☆